# بھارت کے کھیلوں کا مضبوط ماحولیاتی نظام

# بجٹ 2026-27 سیریز

## اہم نکات

- مرکزی بجٹ 2026-27 میں کھیلو انڈیا مشن کا اعلان کیا گیا، جو بھارت کے کھیلوں کے ماحولیاتی نظام کو تبدیل کرنے کے لیے ایک طویل مدتی، نتائج پر مبنی فریم ورک کی طرف ایک بڑی تبدیلی کی نشاندہی کرتا ہے۔
- 4,479.88 کروڑ کے بجٹ کے ساتھ، اس بار نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت کے لیے اب تک کی سب سے زیادہ رقم مختص کی گئی، جو نوجوانوں اور کھیلوں کی ترقی کو مسلسل ترجیح دینے کی عکاسی کرتی ہے۔
- پانچ سو کروڑ روپے کی اسپورٹس گڈز مینوفیکچرنگ پہل گھریلو صلاحیت کو مضبوط کرتی ہے، اختراع کو فروغ دیتی ہے اور کھیلوں کو روزگار، ہنر مندی اور اقتصادی ترقی کے محرک کے طور پر پیش کرتی ہے۔

## تعارف

کھیل بھارت کے وِکست بھارت کے سفر میں نوجوانوں کی ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور قومی امنگوں کے فروغ کا ایک اہم ستون بن کر ابھرے ہیں۔ نظم وضبط، صحت منداور باصلاحیت شہریوں کی تشکیل میں کھیلوں کی انقلابی صلاحیت کو تسلیم کرتے ہوئے، حکومتِ ہند نے اس شعبے کے لیے پالیسی اور ادارہ جاتی تعاون کو مسلسل مضبوط بنایا ہے۔

مرکزی بجٹ 2026-27 اس عزم کو مزید مضبوط بناتا ہے اور کھیلوں کو طویل مدتی قومی صلاحیت سازی کے فریم ورک میں واضح طور پر شامل کرتا ہے۔

مرکزی بجٹ تین بنیادی فرائض (کرتویہ) کی رہنمائی میں تیار کیا گیا ہے:

• پیداواری صلاحیت اور مسابقت کو بڑھاتے ہوئے، اور عالمی سطح پر غیر یقینی حالات کے مقابلے کے لیے مضبوطی پیدا کرتے ہوئے معاشی ترقی کو تیز اور پائیدار بنانا۔

• عوام کی امنگوں کو پورا کرنااورانہیں بھارت کی خوشحالی کے سفر میں مضبوط شراکت دار بنانے کے لیےان کی صلاحیتوں کوفروغ دینا۔

• اس بات کو یقینی بنانا کہ ہر خاندان، برادری، خطے اور شعبے کو وسائل، سہولیات اور بامعنی شرکت کے مواقع تک رسائی حاصل ہو۔

اپنی مرکزی بجٹ تقریر میں مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ :

کھیلوں کا شعبہ روزگار، مہارتوں کی ترقی اور ملازمت کے بے شمار مواقع فراہم کرتا ہے۔ کھیلو انڈیا پروگرام کے ذریعے شروع کی گئی کھیلوں کی صلاحیتوں کی منظم ترقی کو آگے بڑھاتے ہوئے، میں آئندہ دہائی میں کھیلوں کے شعبے میں تبدیلی لانے کے لیے کھیلو انڈیا مشن شروع کرنے کی تجویز پیش کرتی ہوں۔

یہ قدم بجٹ میں بیان کیے گئے دوسرے کرتویہ (فرض) کے مطابق ہے۔ وِکست بھارت ینگ لیڈرز ڈائیلاگ 2026 سے حاصل ہونے والے اختراعی خیالات سے متاثر ہو کر، یہ منفرد دیو واشکتی پر مبنی بجٹ نوجوانوں کی توانائی اور وژن کو عالمی معیار کے کھیلوں کے نظام کی تعمیر کی جانب موڑتا ہے۔

## مرکزی بجٹ 2026-27: کھیلو انڈیا مشن پر توجہ مرکوز

مرکزی بجٹ 2026–27 میں، حکومت نے آئندہ دہائی میں کھیلوں کے شعبے میں تبدیلی لانے کے لیے کھیلو انڈیا مشن کے آغاز کا اعلان کیا۔ کھیلو انڈیا اسکیم کے تحت پہلے سے شروع کی گئی کھیلوں کی صلاحیتوں کی منظم ترقی کو آگے بڑھاتے ہوئے، یہ مشن ملک میں کھیلوں کی ترقی کے لیے طویل مدتی اور مشن پر مبنی نقطہ نظر کی جانب ایک اہم تبدیلی کی علامت ہے۔

## کھیلو انڈیا مشن کے پانچ ستون




جیسا کہ بجٹ تقریر میں بیان کیا گیا ہے کہ کھیلو انڈیا مشن مندرجہ ذیل اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرے گا:


یہ تمام توجہ کے شعبے نچلی سطح کی شرکت سے لے کر اعلیٰ سطح کی کارکردگی تک ایک مربوط راستہ فراہم کرنے، اور مختلف کھیلوں میں پائیداری اور وسعت کو یقینی بنانے کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں۔


## بے مثال مالی مختص: کھیلوں کے خواب کو پروان چڑھانا

کھیلو انڈیا اسکیم، جو 2016-17 میں شروع کی گئی تھی، ان سالوں کے دوران مالی طور پر نمایاں ترقی دیکھ چکی ہے، جو بھارت بھر میں کھیلوں میں وسیع شرکت اور اعلیٰ کارکردگی کو فروغ دینے کے لیے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ اس اسکیم کا مقصد کھیلوں کی ثقافت کو فروغ دینا اور قومی سطح پر کھیلوں میں عمدگی حاصل کرنا ہے۔

یہ اسکیم ملک بھر میں کھیلوں میں شرکت کی حوصلہ افزائی کرتی ہے اور بچوں و نوجوانوں کی ترقی، کمیونٹی کی ترقی، سماجی یکجہتی، صنفی مساوات، صحت مند طرزِ زندگی، قومی فخر، اور کھیلوں کی ترقی سے متعلق اقتصادی مواقع کے لیے کھیلوں کے ہمہ جہتی اثرات کو بروئے کار لاتی ہے۔

- 2017-18 سے 2019-20:- اسکیم کی تجدید کے لیے تین سال کے دوران 1,756 کروڑ روپے کی مالی منظوری دی گئی۔
- 2020-21: ایک سال کے لیے 328.77 کروڑ روپے کا بجٹ مختص کیا گیا۔
- 2021-22 سے 2025-26:- مالی مختص کو پانچ مزید سالوں کے لیے 3,790.50 کروڑ روپے تک بڑھایا گیا، جس سے سرگرمیوں کی وسعت اور کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے فنڈنگ میں اہم اضافہ ہوا۔
- 2026-27: بجٹ 2026-27 میں کھیلو انڈیا کے لیے 924.35 کروڑ روپے کی مختص کی گئی، جو اس بات کی عکاسی ہے کہ اسکیم طویل مدتی اور نتائج پر مبنی نفاذ کے نئے مرحلے میں مالی طور پر مسلسل معاونت حاصل کر رہی ہے۔






## کھیلوں کے سامان کی مینوفیکچر نگ: ملکی صلاحیت کی مضبوطی

کھیلو انڈیا مشن کے ساتھ، مرکزی بجٹ 2026-27 میں کھیلوں کے سامان کی تیاری کے لیے ایک مخصوص اقدام کا اعلان کیا گیا ہے، جس کے لیے 500 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ یہ اقدام بھارت کی صلاحیت کو تسلیم کرتا ہے کہ وہ اعلیٰ معیار کے اور سستے کھیلوں کے سامان کے عالمی مرکز کے طور پر ابھر سکتا ہے۔

### حکمتِ عملی (اسٹریٹجک) کے مقاصد:

- ملکی پیداوار کی صلاحیت کو فروغ دینا
- ساز و سامان کے ڈیزائن میں تحقیق اور اختراع کو آگے بڑھانا
- کھیلوں کے سامان کے لیے میٹریل سائنس میں اختراع کو فروغ دینا
- عالمی کھیلوں کی سپلائی چینز میں بھارت کی موجودگی کو مضبوط کرنا
- مینوفیکچر نگ اور متعلقہ شعبوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنا

## یوواشکتی پر مبنی نقطہ نظر

مرکزی بجٹ 2026-27 کی ایک خاص خصوصیت اس کی ابتدا نوجوانوں پر مرکوز ہے۔ بجٹ کی نوجوانوں پر مرکوز نوعیت پر زور دیتے ہوئے وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ تجاویز نوجوانوں کی شمولیت کے اقدامات سے ابھرتے ہوئے خیالات اور امنگوں کی عکاسی کرتی ہیں۔

یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کھیلوں کی پالیسیاں نوجوان ہندوستانیوں کی امنگوں، اختراعی سوچ اور زندہ تجربات کی عکاسی کرتی ہیں-جو کھیلوں کے ماحولیاتی نظام سے فائدہ اٹھائیں گے اور تعمیر کریں گے۔ پالیسی کے تصور میں نوجوانوں کو شامل کر کے بجٹ نسل در نسل امنگوں کے ساتھ مطابقت، حرکیات اور ہم آہنگی کو یقینی بناتا ہے۔

## مائی بھارت بجٹ کویسٹ 2026: بجٹ کی تفہیم میں نوجوانوں کی شمولیت

نوجوانوں پر مرکوز نقطہ نظر کو تقویت دیتے ہوئے، نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر من سکھ منڈاویا نے ایم وائی بھارت بجٹ کویسٹ 2026 کا آغاز کیا، جو ایک ملک گیر پہل ہے جس کا مقصد مرکزی بجٹ کے بارے میں نوجوانوں کی سمجھ کو بڑھانا اور بجٹ کی دفعات کو زیادہ قابل رسائی، متعلقہ اور شہری مرکوز بنانا ہے۔

اس پہل کا مقصد مرکزی بجٹ 2026 کو ایک منظم اور شراکت دار فریم ورک کے ذریعے ملک بھر کے کالجوں، اداروں اور کوچنگ مراکز کے نوجوانوں کو شامل کر کے شہریوں کی روزمرہ کی زندگی سے جوڑنا ہے۔

بجٹ کویسٹ ایک قومی سطح کا مقابلہ ہے جو ایم وائی بھارت پلیٹ فارم پر دو مراحل میں منعقد کیا جاتا ہے، جو پورٹل پر رجسٹرڈ نوجوانوں کے لیے کھلا ہے:

**راؤنڈ 1 (3-17 فروری 2026)** مرکزی بجٹ 2026 پر ایک آن لائن کوئز، بجٹ کی دفعات اور ان کے مضمرات کے بارے میں شرکاء کی سمجھ کی جانچ کرنا۔ ہر ریاست اور مرکزی علاقے کے بہترین کارکردگی دکھانے والے شرکاء اگلے راؤنڈ کے لیے اہل ہوں گے۔

**راؤنڈ 2 (17 فروری-3 مارچ 2026)**: ایک مضمون نویسی کا مرحلہ جس میں اہل قرار پانے والے شرکاء وِکست بھارت کے وژن کے مطابق مرکزی بجٹ سے متعلق 8 موضوعات پر اپنے خیالات اور آراء کا اظہار کریں گے، اور بتائیں گے کہ بجٹ کی شقیں قومی ترقی پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہیں۔

مضامین کا جائزہ 3-10 مارچ 2026 کے دوران لیا جائے گا، اور ہر ریاست /مرکز کے زیر انتظام علاقے کے لحاظ سے میرٹ لسٹ 10 مارچ 2026 کو اعلان کی جائے گی۔ فاتحین کو وزیر اعظم نریندر مودی جی کے ساتھ وِکست بھارت بجٹ کے وژن پر تبادلۂ خیال کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

## امنگ سے کامیابی تک

مرکزی بجٹ 2026-27 محض ایک مالیاتی بیان سے زیادہ ہے: یہ کھیلوں کے انقلاب کے لیے یوواشکتی پر مبنی روڈ میپ ہے۔ کھیلوں کو نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے مرکز میں رکھ کر اور کھیلو انڈیا مشن کا اعلان کر کے، حکومت نے مستقبل کے لیے تیار، جامع اور اعلیٰ کارکردگی والے کھیلوں کے ماحولیاتی نظام کی تعمیر کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

وژن واضح اور مقررہ وقت پر مبنی ہے: ہندوستان 2036 تک کھیلوں کے سر فہرست 10 ممالک میں شامل ہوگا اور 2047 تک ٹاپ 5 میں شامل ہوگا۔

مسلسل مالی مدد، مشن موڈ کے نفاذ اور ایک جامع ماحولیاتی نظام کے نقطہ نظر کے ساتھ، کھیلوں کا شعبہ روزگار پیدا کرنے، قومی فخر اور 2047 تک وکست بھارت کے وژن کے مطابق ایک مسابقتی کھیلوں کے ملک کے طور پر ہندوستان کے ابھرنے میں معنی خیز تعاون کرنے کے لیے تیار ہے۔

## حوالہ جات


https://static.pib.gov.in/WriteReadData/specificdocs/documents/2026/feb/doc202621775901.pdf

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2221706&utm_source=chatgpt.com&reg=3&lang=2

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2221706&reg=3&lang=1

https://www.pib.gov.in/FactsheetDetails.aspx?Id=149107&reg=3&lang=1

https://www.indiabudget.gov.in/doc/eb/sbe102.pdf

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2222083&reg=3&lang=1


پی ڈی ایف فائل کے لیے یہاں کلک کریں۔

Click here for pdf file.

*******************

**Social Welfare**

**India's Strengthened Sports Ecosystem**

**Budget 2026-27 Series**

**(Explainer ID: 157446)**

(ش ح۔ ش آ۔ ج)